بسم اللہ الرحمن الرحیم

امیر حزب التحریر اور مشہور فقیہ عطا بن خلیل ابو الرشتہ کی جانب سے رمضان 1441 ہجری، بمطابق 2020ء کے
اس بابرکت مہینے کے موقع پر ان تمام افراد کو سلام جنہوں نے ان کی ویب سائٹس اور صفحات کا وزٹ کیا۔

(ترجمہ)

اس بہترین امت کے نام جسے انسانیت کے لیے اٹھایا گیا۔۔۔ اسلامی امت جسے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی تابعداری کے باعث فضیلت بخشی۔
ان معزز دعوت کے علمبرداروں کے نام جنہیں ان کی تجارت اور نہ ہی ان کا کاروبار اللہ کی یاد سے غافل کرسکا۔
ان معزز لوگوں کے نام جو سوشل میڈیا کے ان صفحات کو ان میں موجود خیر کیلئے وزٹ کرتے ہیں۔
السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاۃ،
میں آپ کو اس مبارک مہینے کی آمد کی مبارک باد پیش کرتا ہوں

(شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ)

"رمضان کا مہینہ وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل ہوا جو لوگوں کیلئے درست رہنمائی اور (جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں اور فرقان ہے"

(البقرۃ:185)۔

یہ وہ مہینہ ہے جس میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ اپنی رحمت سے مسلمانوں کی مغفرت فرماتے ہیں جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث مبارک میں ہے:
«مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ» "جس کسی نے بھی رمضان کی راتوں میں ایمان کے ساتھ، اللہ سے اجر کی امید میں قیام کیا تو اس کے سارے پچھلے گناہ بخش دیئے جائیں گے" (بخاری نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی)۔ اس مہینے میں قرآن پاک کا نزول شروع ہوا، اس مہینے میں فیصلہ کن کامیابی اور فتح ملی۔۔۔ یہ مہینہ جدوجہد کا ہے، بھرپور کوشش اور محنت کرنے کا، اور یہ مہینہ عبادت، صبر اور جہاد کا مہینہ ہے۔
اے مسلمانو، اپنی کمر کس لو، اور اچھے اعمال میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرو، کیونکہ اجر اور حسانات کئی گنا بڑھادیے جاتے ہیں۔
اور میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمام مسلمانوں کے روزے اور قیام (رات کی نمازیں) قبول فرمائے، اور اس مقدس مہینے کو اچھائی اور خیر کے حصول کا مہینہ بنادے، اور خلافت راشدہ کے قیام کی صورت میں کامیابی کا پیش خیمہ بنادے، جس میں امت العقاب کے علم، جو لا الہ الا اللہ کا علم ہے، کے سائے تلے یکجا ہو گی، اور ایک بار پھر معزز امت بن جائے، جسے اس کے رب کی تائید کی وجہ سے مضبوطی اور دین اسلام کی وجہ سے عزت حاصل ہو گی۔

(وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ * بِنَصْرِ اللَّهِ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ)

"اور اُس روز مومن خوش وشاداں ہونگے۔ اللہ کی نصرت سے۔ وہ جسے چاہتا ہے نصرت دیتا ہے اور وہ غالب اور مہربان ہے" (الروم:5-4)

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ
یکم رمضان 1441 ہجری
24 اپریل 2020 عیسوی
آپ کا بھائی
عطا بن خلیل ابو الرشتہ